www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449، 5962444 فیکس 5962277
LOCAL EDITION TUESDAY MARCH 28, 2023
جلد 65 | منگل 6 رمضان المبارک 1444ھ 28 مارچ 2023ء 15 چیت 2080ب | نمبر 87
صفحات 10 قیمت 20 روپے

# وفاقی محتسب کے احکامات کیخلاف سی ڈی اے کی درخواست مسترد

## صدر مملکت کا ملازمہ کو رہائشی کوآرٹرز کی الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر برہمی کا اظہار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سی ڈی اے کی جانب سے ملازمہ کو رہائشی کوآرٹرز کی الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے احکامات کے خلاف سی ڈی اے کی درخواست مسترد کردی، ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ معاشرے میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھ کر پاکستان ترقی نہیں کرسکتا، سی ڈی اے کی جانب سے ایک جیسے کام پر مرد کو مکان دینا اور خاتون کو مکان نہ دینے کا نقطہ نظر افسوسناک اور انتہائی امتیازی سلوک ہے، انہوں

باقی صفحہ 8 نمبر 6

بقیہ | درخواست مسترد | 6

نے سی ڈی اے کو ہدایت کی کہ وہ صنفی امتیاز کو فروغ دینے والے اپنے قوانین کو بہتر بنائے، صنفی امتیاز بانیان پاکستان، اسلام کے منصفانہ طرز عمل اور آئین کی روح کے خلاف ہے، سی ڈی اے وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل کرے اور خاتون کی شکایت کا ازالہ کیا جائے، صدر نے ملازمہ کو کوآرٹر الاٹ کرنے کے وفاقی محتسب کے احکامات برقرار رکھتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے نے ملازمہ (دھوبن) کیساتھ امتیازی سلوک کیا ہے، اگر ضرورت ہو تو مزید وقت ضائع کئے بغیر مجاز اتھارٹی/فورم سے منظوری لی جائے۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

TUESDAY, MARCH 28, 2023

جلد نمبر 29 | منگل، 6 رمضان 1444ھ 28 مارچ 2023ء 15 چیت 2080ب | شمارہ 26
فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 20 روپے

# وفاقی محتسب میں ڈیڑھ لاکھ مقدمات کے فیصلے، عوام کا اعتماد بڑھا

## عام شہریوں کو سستے اور فوری انصاف کی فراہمی سے عدالتوں پر بوجھ کم ہوا، ذرائع کا دعویٰ

اسلام آباد (اسلم لُوکا) وفاقی محتسب کی جانب سے عام شہریوں کو سستے اور فوری انصاف کی فراہمی سے عدالتوں پر بوجھ کم ہوا ہے جبکہ شہریوں کا اعتماد بحال ہوا ہے کیونکہ یہاں کسی مہنگے وکیل اور بھاری فیس دینے کی ضرورت نہیں پڑتی، ذرائع کے مطابق وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ سال 2022 کے دوران ایک لاکھ 57 ہزار 770 کے فیصلے کئے جبکہ ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئی تھیں جو ایک ریکارڈ ہے، گزشتہ سال کے مقابلے میں پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئی ہیں، شکایات کی تعداد میں اضافہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام کا بڑھتا ہوا اعتماد ہے، موجودہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے جب سے اپنا منصب سنبھالا ہے انہوں نے کچھ نئے اقدامات اٹھائے ہیں، وفاقی محتسب نے تقریباً 3.4 ارب روپے مالیت کے تنازعات وفاقی محتسب کے ذریعے مفت حل کیے جس سے عدالتوں کا بوجھ کم ہوا بصورت دیگر یہ مقدمات بھی عدالتوں میں جانے تھے۔

# کوارٹر الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز: صدر کا سی ڈی اے پر اظہار برہمی

## ملازمہ کو کوارٹر الاٹمنٹ کا وفاقی محتسب کا حکم برقرار، ادارہ کی درخواست مسترد

## سی ڈی اے اپنے قوانین بہتر بنائے، شکایت کا ازالہ کیا جائے: عارف علوی

اسلام آباد (سیاسی رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی طرف سے ملازمہ کو رہائشی کوارٹر کی الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے احکامات کے خلاف سی ڈی اے کی درخواست مسترد کر دی۔ صدر نے کہا (باقی صفحہ 4 نمبر 26)

### بقیہ نمبر 26 — اظہار برہمی

سی ڈی اے کا ایک جیسے کام پر مرد کو مکان دینا اور خاتون کو نہ دینے کا نقطہ نظر افسوسناک، انتہائی امتیازی سلوک ہے۔ سی ڈی اے صنفی امتیاز کو فروغ دینے والے اپنے قوانین بہتر بنائے اور وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل کرے، خاتون کی شکایت کا ازالہ کیا جائے۔ ضرورت ہو تو وقت ضائع کیے بغیر مجاز اتھارٹی/فورم سے منظوری لی جائے۔ شہناز بیگم (شکایت کنندہ) کا مرحوم شوہر سی ڈی اے سے منسلک دھوبی تھا، شوہر کی وفات کے بعد بیوہ نے سی ڈی اے میں دھوبن کی ملازمت اختیار کی اور کوارٹر الاٹمنٹ کیلئے درخواست دی تاہم سی ڈی اے نے کوارٹر جونیئر ملازم کو دیا تو خاتون نے وفاقی محتسب سے رابطہ کیا جس نے خاتون کو مکان کی الاٹمنٹ کے آرڈر جاری کرنے اور 30 دن میں تعمیل کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی لیکن سی ڈی اے نے ان احکامات کے خلاف صدر کو درخواست دائر کی تھی۔

راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، لاہور، کراچی، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786/92

The Daily 92 News

روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف محمد حیدر امین

قیمت 20 روپے

صفحات 10

TUESDAY, MARCH 28, 2023

جلد 7 | منگل 6 رمضان المبارک 1444ھ 28 مارچ 2023ء 15 چیت 2079ب | شمارہ 190

# صدر کا ملازمہ کو کوارٹر الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر اظہار برہمی

## معاشرے میں خواتین کیساتھ امتیازی سلوک رکھ کر ملک ترقی نہیں کرسکتا: علوی

## وفاقی محتسب کے الاٹمنٹ کے احکامات برقرار، سی ڈی اے کی درخواست مسترد

اسلام آباد (سپیشل رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سی ڈی اے کی جانب سے ملازمہ کو رہائشی کوارٹر کی الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے احکامات کے خلاف سی ڈی اے کی درخواست مسترد کردی۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ معاشرے میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک (باقی صفحہ 4 نمبر 30)

**بقیہ | صدر برہمی | 30**

روا رکھ کر پاکستان ترقی نہیں کرسکتا، مرد کو مکان الاٹ کرنا جبکہ عورت کو الاٹ نہ کرنا انتہائی امتیازی سلوک ہے، سی ڈی اے وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل کرے اور خاتون کی شکایت کا ازالہ کیا جائے۔ صدر مملکت نے ملازمہ کو کوآرٹر الاٹ کرنے کے وفاقی محتسب کے احکامات برقرار رکھتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے نے ملازمہ (دھوبن) کے ساتھ امتیازی سلوک کیا ہے۔ سی ڈی اے کی جانب سے صرف مرد دھوبیوں کو رہائشی کوآرٹرز الاٹ کیے جا رہے تھے۔ شہناز بیگم (شکایت کنندہ) کے مرحوم شوہر سی ڈی اے سے منسلک دھوبی تھے۔ شوہر کی وفات کے بعد بیوہ نے سی ڈی اے میں دھوبن کی حیثیت سے شمولیت اختیار کی، خاتون نے سی ڈی اے سے کوآرٹر الاٹ کرنے کی درخواست کی تاہم سی ڈی اے نے کوآرٹر سنیارٹی لسٹ میں موجود جونیئر دوسرے ملازم کو دے دیا جس پر خاتون نے وفاقی محتسب سے رابطہ کیا، جس نے سی ڈی اے کے امتیازی سلوک کو بدانتظامی قرار دیا۔